MINISTRY OF EDUCATION, SINGAPORE
in collaboration with
UNIVERSITY OF CAMBRIDGE LOCAL EXAMINATIONS SYNDICATE
General Certificate of Education Ordinary Level

**URDU** **3196/02**

Paper 2 Language Usage and Comprehension

October/November 2006

**1 hour 30 minutes**

Additional Materials: Answer Sheet

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

Write your Centre number, index number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer **all** questions.
At the end of the examination, fasten all your work securely together.
The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.

This document consists of **9** printed pages and **3** blank pages.

Singapore Examinations and Assessment Board

SPA (SJF4043/TL) T09305
© UCLES & MOE 2006

UNIVERSITY of CAMBRIDGE International Examinations

**[Turn over**

## Section A

## حصّہ (الف)

### A1 Separation/Combination of Words [10]

لاحقے کی پہچان

نیچے دیے گئے لفظوں میں سے لاحقے (Suffix) چُن کر (Answer Sheet) میں لکھیے۔

1 شرم سار

2 کامیاب

3 خوش گوار

4 شاہکار

5 سبزہ زار

### A2 Idioms, Proverbs and Words in Pairs [10]

محاورے، کہاوتیں اور جڑواں الفاظ:

نیچے 6 سے 10 تک جملوں میں خالی جگہ چھوڑ دی گئی ہے۔ ان جملوں کے نیچے کچھ محاورے، کہاوتیں اور جڑواں الفاظ دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک جملے کی خالی جگہ کے لیے صحیح جواب چُن کر اس کا نمبر (Answer Sheet) میں بھریں۔

6 اپنے اچھے اخلاق کی وجہ سے اُس نے سب کے ______________۔

7 دوسروں کی خامیوں پر ______________ چاہیے۔

8 تمہارے آنے سے محفل میں ______________۔

9 انتہائی ______________ کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں۔

10 مکان تو بہت اچھا ہے مگر ______________ کا علاقہ اچھا نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| (1) غور و فکر | (6) چار چاند لگنا |
| (2) لینا دینا | (7) دل میں گھر کرنا |
| (3) پردہ ڈالنا | (8) کاٹھ کا الّو |
| (4) الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے | (9) چہرہ پیلا پڑنا |
| (5) آس پاس | (10) ڈوبتے کو تنکے کا سہارا |

**A3 Sentence Transformation [10]**

جملہ بدلنا

نیچے لکھے ہوئے ہر ایک نامکمل جملے کو صحیح لفظوں سے اس طرح پورا کیجئے کہ اس سے پہلے لکھے ہوئے مکمل جملے کا مطلب نہ بدلے۔
**Answer Sheet** میں صرف جواب لکھیے۔

**11** اس سے مل کر میں بہت خوش ہوا۔

مجھے اس سے مل کر ____________________

**12** یہ لوگ کسی سے نہیں ڈرتے۔

ان لوگوں کو ____________________

**13** اس نے مجھے لاجواب کر دیا۔

میرے پاس اس کی بات کا ____________________

**14** میں یہ بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔

یہ بوجھ ____________________

**15** میں صبح آٹھ بجے گھر چھوڑ دیتی ہوں۔

میں گھر سے ____________________

**A4 Cloze Passage [20]**

خالی جگہ کو بھرنے کے لیے کچھ الفاظ عبارت کے نیچے دیے گئے ہیں۔ ہر ایک خالی جگہ کو بھرنے کے لیے ان لفظوں میں سے صحیح لفظ چُن کر اس کا نمبر Answer Sheet میں لکھیں۔

اس میں کوئی ______ (16) نہیں کہ موبائل فون نے لاکھوں لوگوں کی زندگی بدل دی ہے۔نوجوانوں نے اس نئی ٹیکنالوجی کو اپنے والدین کے مقابلے میں بہت کم وقت میں سیکھ لیا ہے۔اس میں اب آواز والے پیغامات کے ساتھ ساتھ ٹیکسٹ کے پیغامات بھی ______ (17) ہو گئے ہیں۔ اور اب موبائل فون رابطے کے لیے دنیا کے مشہور ترین ذرائع میں سے ایک ہے۔اب یہ ایک عام سی بات ہوگئی ہے کہ سڑکوں پر نوجوان اپنے موبائل فون کو غور سے دیکھتے ہوئے ______ (18) سے ٹیکسٹ کرتے ہوئے یا آنے والے پیغامات کو پڑھتے ہوئے اکثر ______ (19) آتے ہیں۔ نوجوان جس رفتار سے ٹیکسٹ بھیجتے ہیں وہ بہت ہی حیرت انگیز ہے۔نوجوانوں کے لیے فون کرنے کے بجائے ٹیکسٹ بھیجنے کا سب سے بڑا ______ (20) یہ ہے کہ ان کے لیے یہ فون کے مقابلے میں بہت سستا ہوتا ہے اس لیے کہ ان میں سے ______ (21) ابھی پیسہ نہیں کماتے۔تاہم، اس سلسلے میں فکر کی بات یہ ہے کہ سائنسدانوں کے مطابق سولہ سال کے تقریباً آدھے سے زیادہ نوجوانوں کی نیند پر ٹیکسٹ کے ______ (22) کا اثر پڑتا ہے۔ کچھ نوجوان اپنے موبائل ساتھ لے کر سوتے ہیں تاکہ کوئی ٹیکسٹ پیغام دیکھنے سے ______ (23) نہ رہ جائیں۔سائنسدانوں کے مطابق رات زیادہ دیر تک ٹی وی دیکھنے کے مقابلے میں موبائل کی وجہ سے نیند پر اثر کا زیادہ خطرہ ہے۔اس کی ______ (24) یہ ہے کہ ٹی وی کے پروگرام اس وقت آتے ہیں جب اکثر نوجوان سو جاتے ہیں جبکہ موبائل فون کی وجہ سے نیند میں ______ (25) واقع ہوتا رہتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| (1) شک | (6) شامل | (11) تیزی |
| (2) کرتے | (7) پڑھتے | (12) رفتار |
| (3) نظر | (8) فائدہ | (13) اکثر |
| (4) لے کر | (9) پیسہ | (14) پیغامات |
| (5) محروم | (10) وجہ | (15) خلل |

© UCLES & MOE 2006

## Section B

## حصّہ (ب)

# ایشیائی ہاتھی

نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجئے۔

ایشیائی ہاتھی اپنی چھوٹی جسامت، اونچی پیٹھ اور چھوٹے دانت اور کان کی وجہ سے افریقی ہاتھی سے مختلف نظر آتے ہیں۔ یہ ہاتھی انڈیا اور سماٹرا کے زیریں علاقوں میں پائے جاتے ہیں اور یا تو یہ ایک غول کی شکل میں رہتے ہیں یا پانچ سے لے کر بیس کے ایک خاندان کے ساتھ رہتے ہیں جس کی سربراہ ایک بوڑھی ہتھنی ہوتی ہے۔

ایشیائی ہاتھی ایک تیزی سے بڑھنے والا خوش ذائقہ پودا کھاتے ہیں جو زیریں علاقوں کے جنگلات میں کنارے کی جانب پایا جاتا ہے۔ انہیں پھل بھی بہت پسند ہے جس کو حاصل کرنے کے لیے وہ درخت بھی گرا دیتے ہیں۔ یہ ہاتھی کھاتے وقت تباہی بھی پھیلا دیتے ہیں۔ جنگلات میں ان کا خراب کیا ہوا سبزہ جنگلی گائیں، بکریوں اور ہرنوں کے کھانے کے کام آتا ہے جو ہاتھیوں کے غول کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں۔ ہاتھی ایک بڑے علاقے میں گھوم پھر کر کھاتے ہیں تاکہ خراب ہونے والے حصّوں میں دوبارہ سبزہ اُگ سکے۔

ایک بالغ ہاتھی ایک دن میں تقریباً 150 کلوگرام کھانا کھاتا ہے اور 70 سے 90 لیٹر پانی پی جاتا ہے۔ ایشائی ہاتھیوں کو گرمی اچھی نہیں لگتی اور دوپہر کے وقت وہ گہرے سائے کی تلاش میں رہتے ہیں۔ ان کے چھوٹے چھوٹے کان ان کے بھاری بھرکم جسموں کو ٹھنڈا رکھنے میں اتنے مددگار ثابت نہیں ہوتے جتنے کہ افریقی ہاتھیوں کے بڑے بڑے کان۔

سبزہ اور پھل پسند کرنے کی وجہ سے ہاتھی بعض لوگوں کے لیے سخت ناپسندیدگی کا باعث بھی ہیں۔ انڈونیشیا میں ہاتھیوں کی نسل کا تحفظ بھی کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی انہیں انسانوں کا دشمن بھی سمجھا جاتا ہے۔ کسانوں کو ہاتھیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے مختلف تدابیر اختیار کی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر ہاتھیوں کی دوسری جگہ منتقلی یا بجلی کی باڑھ لگانا، مگر ان تدابیر سے کوئی خاص فائدہ نہیں ہوسکا ہے۔

تھائی لینڈ میں ہاتھیوں کو گھروں میں پالنے کا رواج برسوں سے چلا آ رہا ہے۔ ان کی بھرپور طاقت، لمبی عمر اور جلدی سیکھ لینے کی صلاحیت نے بھاری سامان اٹھانے کے لیے انہیں بہت فائدہ مند بنا دیا ہے۔ بہر حال ہاتھی صحیح معنوں میں گھروں میں پالے جانے والا جانور نہیں ہے۔ اس لیے کہ گھروں میں بند رکھ کر اس کی افزائش نسل کم ہی ہوسکتی ہے۔

© UCLES & MOE 2006

**B5 MCQ Comprehension [14]**

## فہم استعداد

عبارت پر مشتمل درج ذیل ہر ایک سوال کے چار چار جواب دیے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے صحیح جواب چُن کر اس کا نمبر Answer Sheet میں لکھیں۔

**26** ایشیائی ہاتھی افریقی ہاتھی سے مختلف ہوتا ہے اس لیے کہ

(1) اس کے کان بڑے اور دانت چھوٹے ہوتے ہیں

(2) وہ عام طور پر چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے دانت بھی چھوٹے ہوتے ہیں

(3) وہ کافی بڑا ہوتا ہے اور اس کے دانت بھی بڑے ہوتے ہیں

(4) اس کے کان چھوٹے اور دانت بڑے ہوتے ہیں

**27** ایشیائی ہاتھی یہ پسند کرتا ہے کہ وہ

(1) بیس ہاتھیوں کے غول میں رہے

(2) بیس ہاتھیوں سے زیادہ کے غول میں رہے

(3) صرف ایک ہتھنی کے ساتھ رہے

(4) اپنے خاندان کے پانچ سے کم ہاتھیوں کے ساتھ رہے

**28** دوسرے جانور

(1) ہاتھیوں کے کھانے سے پہلے ہی سبزیاں کھا لیتے ہیں

(2) کھانے تک پہنچنے کے لیے درختوں کو نقصان پہنچاتے ہیں

(3) ہاتھیوں کے آنے سے پہلے ہی بھاگ جاتے ہیں

(4) ہاتھیوں سے بچا ہوا کھانا کھاتے ہیں

© UCLES & MOE 2006

**29** ایشیائی ہاتھی

(1) گرمی سے مقابلہ کرنے کی جسمانی صلاحیت نہیں رکھتے

(2) افریقی ہاتھیوں سے زیادہ کھاتے پیتے ہیں

(3) کے چھوٹے کان ان کے جسم کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے اچھے ہوتے ہیں

(4) دوپہر کے وقت اِدھر اُدھر گھومنا پسند کرتے ہیں

**30** انڈونیشیا کے کسانوں کو ہاتھیوں سے محفوظ رکھنے کے اقدامات

(1) ہمیشہ کامیاب ثابت ہوئے

(2) کبھی بھی کامیاب نہیں ہوئے

(3) بالآخر کامیاب ثابت ہوئے

(4) کبھی کبھی کامیاب ثابت ہوئے

**31** انڈونیشیا میں

(1) ہاتھیوں کو ہمیشہ دشمن سمجھا جاتا ہے

(2) ہاتھیوں کو دوست بھی سمجھا جاتا ہے اور دشمن بھی

(3) کسانوں نے پھلوں کی کاشت روک دی

(4) ہاتھیوں کے بچاؤ کے لیے سب لوگ بہت محنت کرتے ہیں

**32** تھائی لینڈ میں ہاتھیوں

(1) کو صرف گھروں میں رکھا جاتا ہے

(2) کو بند کر کے رکھا جاتا ہے

(3) سے عموماً کام لیا جاتا ہے

(4) کے ذہین جانور ہونے کی وجہ سے ان کی قیمت بہت ہوتی ہے

## Section C

## حصّہ (ج)

### انڈونیشیا کا ایک سفر

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب مکمل جملوں میں جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں دیجیے۔

مکاسر کی بندرگاہ سے ایک اٹھارہ سالہ انگریز نوجوان مسافروں کے جہاز میں بندا جزیرے میں جانے کے لیے سوار ہوا۔ اسے اتنے خطرناک راستے سے سفر کرنے کا اتنا شوق تو نہیں تھا مگر اس جزیرے کو دیکھنے کا اس نے مصمّم ارادہ کیا ہوا تھا۔ اس کی وجہ اس جزیرے کا انڈونیشیا کی ابتدائی تاریخ سے تعلق بھی ہے۔ سترہویں صدی میں یہ جگہ یورپ کے لیے بڑی دلچسپی کا باعث تھی۔ اس کی وجہ جائفل کی تجارت تھی جو ایک مصالحے کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔

نوجوان مسافر دوسرے مسافروں کے درمیان سے راستہ بناتا ہوا اپنے چھوٹے سے کیبن میں پہنچ گیا۔ ان مسافروں میں کچھ نوجوان اور بچے بھی تھے اور ان کے چہرے پر خوف نمایاں تھا۔ یوں لگ رہا تھا کہ جیسے وہ اپنے گھروں سے پہلی بار دور جا رہے ہوں۔ مگر یہ دیکھ کر اسے حیرت ہوئی کہ جہاز کے دوسرے مسافر خطرناک پانی سے لاپرواہ ہو کر اپنے کام میں لگے ہوئے تھے۔ ان مسافروں میں ایک موتیوں کا تاجر بھی تھا جو ایک اچھے معیاری کیبن میں ٹھہرا ہوا تھا۔ اس آدمی کے دانت بے ترتیب تھے اور اس نے ایک لنگی پہنی ہوئی تھی۔ اس کی نگاہ موتیوں سے بھرے ہوئے ایک ڈبے پر جمی ہوئی تھی۔ اس نے مٹر کے برابر ایک کالے رنگ کے موتی کو اٹھا کر کہا ''بہت خوب!''۔ اس کے کیبن کے باہر پورے سفر کے دوران چند طاقتور آدمی پہرہ دے رہے تھے اور کیبن میں داخلہ سختی سے منع تھا۔

دوسرے دن بندا کے جزیرے میں پہنچ کر نوجوان مسافر کو ایک اطمینان سا محسوس ہوا۔ وہاں اس کی ملاقات تانیہ سے ہوئی جس کے گھر والے ایک مقامی ہوٹل چلاتے تھے۔ یہ برطانوی راج کے انداز کی ایک زبردست عمارت تھی جسے ہالینڈ والوں نے بنائی تھی۔ غروبِ آفتاب کی نارنجی اور سفید روشنی میں وہ اس جزیرے کو دیکھ کر بہت متاثر ہوا۔ تانیہ نے اسے بتایا کہ ہوٹل کا کاروبار اتنا خراب تھا کہ پچھلے دو سالوں میں اس کے ہوٹل میں ٹھہرنے والا وہ پہلا مسافر تھا۔

کتنے افسوس کی بات ہے کہ جائفل تو اب بھی موجود ہے مگر اب اس کی کوئی قیمت نہ ہونے کی وجہ سے بڑے بڑے کاروبار کے لیے اس جزیرے میں کوئی دلچسپی نہیں رہ گئی ہے۔

© UCLES & MOE 2006

## C6 OE Comprehension [36]

فہم استعداد

33 مسافروں کی عمر، شہریت اور اس کے سفر کی تفصیلات کے بارے میں ہمیں عبارت سے کیا پتہ چلتا ہے؟

34 موتیوں کے سوداگر کے علاوہ دوسرے مسافروں کے بارے میں مصنّف نے کیا بتایا ہے؟ چار باتیں لکھیں۔

35 موتیوں کا سوداگر کیا کر رہا تھا اور اس کے حلیے کے بارے میں مصنّف نے کیا بتایا ہے؟

36 ہوٹل اور اس کے کاروبار کے بارے میں مصنّف نے کیا بتایا ہے؟

37 عبارت کے مطابق سترہویں صدی اور آج کل میں جائفل کی تجارت میں کیا فرق ہے؟

38 سفر سے پہلے، سفر کے دوران اور سفر کے آخر میں نوجوان مسافر کو کیا محسوس ہوا؟

## C7 Vocabulary [10]

ذخیرۂ الفاظ: لفظ معنی

اس عبارت میں درج ذیل خط کشیدہ الفاظ آئے ہیں۔ ان کا مطلب اردو میں لکھیے۔

39 مصمّم

40 خوف

41 معیاری

42 اطمینان

43 انداز

**End of Paper**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.